# ماڈل پیپر انٹرمیڈیٹ (پارٹ ٹو) 2024

## پرچہ اردو لازمی (معروضی طرز)

وقت 20 منٹ ---------------------------------------------------------- کل نمبر 20

نوٹ: نیلی یا کالی روشنائی استعمال کیجئے۔ جو کہ گہری / نمایاں ہو مگر پھیلنے نہ پائے نیز خوشخطی کو مدنظر رکھیں۔

سوال نمبر 1۔ دیئے گئے جوابات میں سے درست جواب منتخب کریں۔ 20

1۔ عمر بن عبدالعزیز نے وفات کے وقت کتنی دولت چھوڑی۔

(الف) 20 دینار (ب) 25 دینار (ج) 100 دینار (د) 17 دینار

2۔ انڈین نیشنل کانگریس کی بنیاد کب پڑی۔

(الف) 1857 (ب) 1875 (ج) 1906 (د) 1911

3۔ "اکبری کی حماقتیں" کا ماخذ ہے۔

(الف) ابن الوقت (ب) مرآۃ العروس (ج) توبۃ النصوح (د) فسانہ مبتلا

4۔ ہوائی کا دار السلطنت کون سا شہر ہے۔

(الف) سان فرانسسکو (ب) ہونولولو (ج) ٹوکیو (د) جکارتہ

5۔ شاہد احمد دہلوی نے مولوی نذیر احمد کو آخری بار کتنی عمر میں دیکھا؟

(الف) ۳ سال (ب) ۵ سال (ج) ۹ سال (د) ۱۶ سال

6۔ درخت سے کبوتر اور فاختائیں اڑ ---------------

(الف) گئے (ب) گئیں (ج) گئی (د) گیا

7۔ چچا بھتیجا لڑ

(الف) پڑا (ب) پڑے (ج) پڑیں (د) پڑو

8۔ مرض بڑھتا گیا ----- دوا کی

(الف) توں توں (ب) جوں جوں (ج) جیسے جیسے (د) جب جب

9۔ سبھی آئے ---- وہ نہ آیا۔

(الف) البتہ (ب) بلکہ (ج) مگر (د) اگرچہ

10۔ اس --------------- بیوی بچے آ گئے۔

(الف) کی (ب) کے (ج) کا (د) کیں

11۔ مخففات کے بعد کون سی علامت استعمال ہوتی ہے۔

(الف)سکتہ (ب)رابطہ (ج)ختمہ (د)فجائیہ

12۔ ؛ یہ علامت کہلاتی ہے۔

(الف)رابطہ (ب)ختمہ (ج)فجائیہ (د)وقفہ

13۔ جملہ معترضہ کے شروع اور آخر میں علامت لگائی جاتی ہے۔

(الف)" " (ب)( ) (ج)؛ (د)!

14۔ ؟ علامت ہے۔

(الف)رابطہ (ب)ختمہ (ج)سکتہ (د)سوالیہ

15۔ ہائے اللہ--------------اتنا خوفناک شیر۔

(الف)! (ب): (ج)، (د) _

16۔ کرنا:

(الف)میری بات پر غور کرو (ب)تم میرا یہ کام ضرور کرنا (ج)دوستوں سے رابطے میں رہا کرو (د)کچھ بھی کرلو تم کامیاب نہیں ہو سکتے

17۔ رکھنا

(الف)میں نے روزہ رکھا (ب)کھانا میز پر رکھو (ج)اپنا منہ بند رکھو (د)میں نے ارادہ کر رکھا ہے

18۔ لینا:

(الف)اس گھڑی کے کتنے دام لو گے (ب)اس کا نام نہ لینا (ج)اس سے بدلہ لے لو (د)بازار سے کیا لینا ہے؟

19۔ جانا:

(الف)تم جاو (ب)تم یہاں سے چلے جاو (ج)مجھے جانا ہے (د)ہم جا سکتے ہیں۔

20۔ لگنا:

(الف)وہ مجھے اچھا لگتا ہے (ب)گلے لگ جاو (ج)بچہ رونے لگا (د)یہ باغ لگتا ہے

# ماڈل پیپر انٹر میڈیٹ (پارٹ ٹو) 2024

## پرچہ اردو لازمی (انشائیہ طرز)

وقت 2:40 منٹ ---------------------------------------- ٹوٹل نمبر: 80

### (حصہ اول)

نوٹ: نیلی یا کالی روشنائی استعمال کیجئے۔ جو کہ گہری / نمایاں ہو مگر پھیلنے نہ پائے نیز خوشخطی کو مد نظر رکھیں۔

سوال نمبر 2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 1+1+4+4

جلال آتش و برق و سحاب پیدا کر
اجل بھی کانپ اٹھے، وہ شباب پیدا کر

صدائے تیشہ مزدور ہے تیرا نغمہ
تو سنگ و خشت سے چنگ و رباب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 1+3+3+3

بھری دنیا میں جی نہیں لگتا
جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

تو شریک سخن نہیں ہے تو کیا
ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

یاد کے بے نشاں جزیروں سے
تیری آواز آ رہی ہے ابھی

سوال نمبر 3۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔ حوالہ متن اور سیاق و سباق بھی تحریر کیجئے۔ 3+1+1+10

(الف) دو لونگیں، اس کے ساتھ دو ورق کی حکایت دلچسپ۔ مزاج دار دل و جان سے معتقد ہو گئیں۔ حجن تو لونگیں دے کر رخصت ہوئی۔ مزاج دار بہو نے غسل کر، کپڑے بدل، خوشبو لگا، ایک لونگ بسم اللہ کر کے اپنی چوٹی میں باندھی اور میاں کے پلنگ کی چادر اور تکیوں کے غلاف بدل ایک لونگ کسی تکیے میں رکھ دی۔ محمد عاقل جو گھر آیا، بی بی کو دیکھا صاف ستھری، پلنگ کی چادر بے کیے بدلی ہوئی۔ خوش ہوا اور التفات کے ساتھ باتیں کرنے لگا۔

(ب) جاتے ہوئے لوگوں نے ہم سے پوچھا تھا کہ کیا کابل میں گدھے نہیں ہوتے؟ ان کی اطلاع کے لئے گزارش ہے کہ ہوتے ہیں اور بہت ہوتے ہیں۔ یہاں ہمارا مطلب چار ٹانگوں والی بلا سینگ کی مخلوق سے ہے۔ دو ٹانگوں والے بھی یقیناً ہوں گے ہم نے زیادہ جستجو نہیں کی۔ یہ گدھے وہ تھے جو زرنگار پارک کے سامنے قطار در قطار کھڑے تھے اور ان کے پالان سنگتروں سے بھرے تھے۔

سوال نمبر4۔درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے۔مصنف کا نام بھی لکھئے۔1+9

(الف) تشکیل پاکستان(ب)دستک

سوال نمبر5۔حفیظ تائب کی نظم "نعت" کا خلاصہ تحریر کریں۔5

سوال نمبر6۔درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون تحریر کریں۔

(الف)علامہ اقبالؒ بحثیت شاعر(ب)کروناوائرس(ج)مخلوط تعلیم

سوال نمبر7۔دوست کے نام خط لکھ کر اس کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کریں۔یا

کرسی کی آپ بیتی تحریر کیجئے۔

(نوٹ:خط یا آپ بیتی میں سے کوئی ایک سوال آئے گا۔)